**گورنر KATHY HOCHUL**

**فوری ریلیز کے لیے:** 2/11/2022

## ***گورنر HOCHUL کی جانب سے اڈیرونڈیک ریل ٹریل کے پہلے حصے پر تعمیر کے آغاز کا اعلان***

### ***اڈیرونڈیکس کے بالکل وسط میں عالمی معیار کا تفریحی موقع***

### ***محکمۂ تحفظِ ماحولیات اور دفتر برائے عام خدمات کی جانب سے ٹھیکیدار کا انتخاب، تعمیر کے تین مراحل میں سے پہلے کے لیے آلات کی نقل و حرکت جاری***

گورنر Kathy Hochul نے آج اڈیرونڈیک ریل ٹریل کی تعمیر شروع کرنے کا اعلان کیا، جو ٹیوپر لیک اور لیک پلاسیڈ کے درمیان بیرونِ خانہ مہم جوئیوں کے لیے 34 میل کا کثیر الاستعمال تفریحی راستہ ہے۔ تین تعمیراتی مراحل میں سے پہلا راہداری کے لیک پلاسیڈ تا سارانیک لیک حصے کے ساتھ ساتھ واقع ریل کی سابقہ پٹری کو پیدل سفر کرنے والوں، بائیک چلانے والوں، کراس کنٹری اسکیئرز اور سنو موبائل کے شوقینوں کے لیے عالمی معیار کے مشترکہ استعمال کے راستے میں تبدیل کر دے گا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نیو یارک میں ملک کے چند انتہائی خوبصورت علاقے ہیں جہاں شاندار مناظر اور ناقابلِ یقین تفریحی مواقع موجود ہیں۔ "اڈیرونڈیک ریل ٹریل ہمارے سب سے زیادہ جاذبِ نظر علاقوں میں سے ایک میں توجہ کا ایک اہم مرکز ہو گی، اور مکینوں اور مہمانوں کو آسانی کے ساتھ اڈیرونڈیکس کا تجربہ کرنے کے قابل بنائے گی، اور ساتھ ہی انہیں بے شمار مقامی معیشتوں اور علاقوں سے بھی منسلک کرے گی"۔

پایۂ تکمیل کو پہنچ جانے کے بعد، اڈیرونڈیک ریل ٹریل لیک پلاسیڈ، ساراناک لیک، اور ٹیوپر لیک کے علاقوں کو آپس میں منسلک کرے گی۔ راستہ صارفین کو ہر علاقے کے منفرد طلسم اور سہولیات سے لطف اندوز ہونے کے قابل بنائے گا جبکہ سفری راہداری سے ملحقہ جنگلات کے تحفظ کی زمینوں میں میلوں تک پُرسکون پگڈنڈیوں، متعدد کیمپ سائٹس اور وافر آبی راستوں تک رسائی فراہم کرے گا۔ تشریحی اشارے مہمانوں کو ریلوے کی تاریخ، ملحقہ علاقوں کی ثقافتوں اور آس پاس کی زمینوں اور پانیوں کے بارے میں جاننے میں مدد کریں گے۔ ٹریل کا سنہ 2025 میں مکمل ہونا متوقع ہے۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) اور دفتر برائے عام خدمات (Office of General Services, OGS) نے حال ہی میں کبریکی کنسٹرکشن کارپوریشن آف ولٹن (Kubricky Construction Corp of Wilton)، ساراٹوگا کاؤنٹی، کو تعمیر کے پہلے مرحلے کے لیے 7.9$ ملین کا ٹھیکہ دیا ہے۔ ٹھیکے کی مالی اعانت NY Works کی جانب سے کی گئی ہے، جس میں تعمیراتی نگرانی اور معائنے کے لیے تحفظِ ماحولیات فنڈ کے تعاون سے اضافی 225,000$ دیے گئے ہیں۔

**ریاستی محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "اڈیرونڈیک ریل ٹریل نیو یارک کے باسیوں کو فطرت سے جوڑنے اور اس خطے میں بہت سے تفریحی مواقع کی طرف زیادہ سے زیادہ رہائشیوں اور زائرین کو راغب کرنے کے لیے ایک اولین منزل ہو گی۔ تعمیر کا آغاز ریل ٹریل کے نفاذ میں ایک دلچسپ سنگ میل ہے اور ہم جاری ریاستی، وفاقی، قدیم قوم اور مقامی شراکت کے منتظر ہیں جو اس منصوبے کو حقیقت میں بدل دے گی"۔

**دفتر برائے عام خدمات کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت میں، OGS نے ہماری ریاست اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ ایسے اقدامات پر کامیابی سے تعاون کیا ہے جو مقامی سیاحت کو سہارا دیتے ہیں اور ریاست نیو یارک میں سیاحوں کے تجربے کو بہتر بناتے ہیں۔ اڈیرونڈیک ریل ٹریل ریاست کے سب سے خوبصورت علاقوں میں سے ایک علاقے میں بیرونی تفریحی مواقع کو وسعت دے گی، اور OGS کی ٹیم اس ناقابلِ یقین منصوبے پر تعمیر کا آغاز دیکھ کر بہت پُرجوش ہے"۔

**ریاستی محکمہ برائے نقل و حمل کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "اڈیرونڈیک ریل ٹریل سیاحوں کو ریلوں پر ایک خوبصورت سواری اور پیدل سفر کرنے والوں اور سائیکل سواروں کو نیویارک کے کچھ انتہائی شاندار مناظر کے ذریعے بیمثال سفر کی پیشکش کرے گی۔ محکمۂ نقل و حمل کو فخر ہے کہ اس نے سابقہ ریلوے لائن کو دیکھنے اور استعمال کرنے کے لیے ضروری تفریحی مقام میں دوبارہ تبدیل کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے جو نیو یارک کے مکینوں اور ہماری ریاست میں آنے والوں کے لیے اڈیرونڈیکس کی خوبصورتی کو کھوجنا آسان بنائے گا"۔

یہ منصوبہ ریاستی زمینوں اور سہولیات تک عوام کی رسائی کو بڑھانے اور لوگوں کو فطرت اور کھلے آسمان سے جوڑنے کے لیے Adventure NY پہل کاری کے ذریعے DEC کی تزویراتی سرمایہ کاریوں کا حصہ ہے۔ ٹریل کو تمام صلاحیتوں کے حامل لوگوں کی زیادہ سے زیادہ قابلِ عمل حد تک قابل رسائی بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ٹریل کی سطح کا زیادہ تر حصہ اچھی طرح تہہ جمائے پسے ہوئے پتھروں پر مشتمل ہو گا۔ ٹریل ویلیج آف ساراناک لیک کے اندر منتخب علاقوں میں اور پُلوں کے اوپر ٹریل کے چھوٹے حصوں پر بنائی جائے گی۔

ٹریل کی تبدیلی کے کام کا آغاز اکتوبر 2020 میں ہوا تھا جب ریاستی محکمۂ نقل و حمل ( State Department of Transportation, DOT) نے راہداری کے ٹیوپر لیک سے لیک پلاسیڈ حصے تک ریل کے بنیادی ڈھانچے کو ہٹانے کے لیے کام کیا تھا۔ مارچ 2022 میں، [DEC اور DOT نے اعلان کیا تھا](#) کہ دائرۂ اختیار DEC کو منتقل کر دیا گیا ہے۔ منتقلی سے ریل کی پٹڑی ہٹانے کے مرحلے کی باضابطہ تکمیل ہو گئی اور ٹریل کے ڈیزائن اور تعمیراتی مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔ دائرۂ اختیار کی منتقلی کے ساتھ، DEC نے راہداری کے اس حصے کے ساتھ عوامی سلامتی اور تفریحی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ دیکھ بھال کا انتظام سنبھال لیا۔

تعمیر کا یہ مرحلہ لیک پلاسیڈ ڈپو کے بالکل مغرب میں واقع سٹیشن سٹریٹ سے شروع ہو گا اور سیڈر سٹریٹ اور روٹ 86 کے چوراہے کے قریب ساراناک لیک ڈپو کے بالکل قریب ختم ہو گا۔ اس مرحلے میں ٹیوپر لیک میں پارکنگ ایریا کی تعمیر بھی شامل ہے اور اس کے اگلے سال تک جاری رہنے کی توقع ہے۔

عوامی سلامتی کے تحفظ کے لیے، فعال تعمیر کے دوران راہداری کے لیک پلاسیڈ تا سارانیک لیک حصے تک رسائی کو محدود کر دیا گیا ہے۔ 19 دسمبر سے شروع ہونے والے موسمِ سرما کے بند ہونے کی مدت کے دوران عوام کو راہداری میں جانے کی اجازت ہو گی۔ تعمیر کا کام موسم بہار میں دوبارہ شروع ہو گا۔ سارانیک لیک تا ٹیوپر لیک ٹریل کے حصے تعمیر کے پہلے مرحلے کے دوران عارضی تفریح کے لیے کھلے رہیں گے۔ پارکنگ لاٹ کی تعمیر کے دوران ٹیوپر لیک آخری سٹیشن کے آس پاس کے علاقے میں رسائی پر پابندی ہو گی۔

OGS تینوں مراحل میں ٹریل کے ڈیزائن اور تعمیر کی نگرانی جاری رکھے گا۔ تعمیر کی تکمیل کے بعد، DEC ٹریل کا روزمرہ کا انتظام سنبھالے گا، شراکت داروں اور بلدیات کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ DEC فی الحال ریمسن لیک پلاسیڈ ٹریول راہداری کے لیک پلاسیڈ تا ٹیوپر لیک حصے کے ساتھ ساتھ عوامی سلامتی اور عبوری تفریحی سرگرمیوں نیز عمومی دیکھ بھال کا انتظام کرتا ہے۔

**ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا،** "ہمارا خطہ اپنی قدرتی خوبصورتی اور تفریحی مواقع کے لیے مشہور ہے۔ ریل ٹریل اس شہرت میں مزید اضافہ کرے گی، اور مکمل ہونے پر رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے ایک بہترین اثاثہ ہو گی"۔

**رکنِ اسمبلی Matthew Simpson نے کہا،** "میں یہ دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں کہ یہ عالمی معیار کی سہولت نہ صرف اڈیرونڈیک پارک اور نارتھ کنٹری کے مکینوں کے لیے بلکہ ہر جگہ سے آنے والے ان گنت سیاحوں کے لیے بھی ہے جنہوں نے اس کا تجربہ کرنے آنا ہے۔ اڈیرونڈیک پارک کی خوبصورتی ایک ایسی چیز ہے جسے بذاتِ خود دیکھ کے حیران ہوا جائے اور اسے محسوس کیا جائے۔ ریل ٹریل مہم جوئی کے لاتعداد نئے تلاشیوں کے لیے ایک موقع فراہم کرے گی جنہیں ہو سکتا ہے کہ بصورت دیگر موقع نہ ملے"۔

راہداری کے حالات، تعمیر کے مراحل کی تازہ ترین معلومات، عارضی تفریح کے بارے میں رہنمائی، اور عوامی استعمال کا نقشہ DEC کے ریمسن لیک پلاسیڈ ٹریول کوریڈور ویب پیج پر دستیاب ہیں۔ 2020 ریمسن لیک پلاسیڈ ٹریول کوریڈور کے یونٹ انتظامی پلان ترمیمی/ضمنی ماحولیاتی اثر کے بیان کے بارے میں اضافی تفصیلات DEC کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418